"ادارہ"

تبصرۂ کتب



سب سے بڑے انسان | مرتبہ جناب حکیم محمد سعید ۔ صفحات ۲۴ قیمت ۶ روپے
پتہ ۔ ہمدرد فاؤنڈیشن پریس ۔ ناظم آباد ۔ کراچی

جناب حکیم محمد سعید صاحب ملک کی معروف شخصیت اور ملک و ملت کی قیمتی متاع ہیں ۔ ان کی تحریریں تصنیفی ، قومی ملّی اور طبی خدمات کا ملک کا بچہ بچہ معترف ہے نسل نو کی اصلاح اور بہترین نشوونما کے پیش نظر وہ بچوں کے لئے بھی بہت کچھ لکھتے اور شائع کرتے رہتے ہیں ۔ اسی جذبہ کے پیش نظر اب کے بار انہوں نے حضور ؐ کی سیرت پر ایک جامع اور آسان و عام فہم تحریر لکھی جس میں پیارے نبی ؐ کی پاک زندگی ، پیارے نبی ؐ کے اخلاق ، ارشادات شفقت و سخاوت ، مروت ، عیادت ، عبادت ، صداقت ، برداشت و تحمل ، تعلیم و تربیت علم کی سرپرستی ۔ اشاعت عدل و انصاف ، عجز و انکساری ، خوش مزاجی اور سیرت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا ہے ۔ تحریر اتنی دلچسپ کہ جب شروع کر دی جائے تو ختم کئے چین نہ ملے ۔ نونہالوں اور بچوں کے لئے تو مفید ہے ہی بڑے بھی پڑھیں تو تحریر اتنی دلچسپ ہے کہ پڑھتے ہی چلے جائیں ۔

ہمدرد نونہال ، خاص نمبر | زیر ادارت جناب حکیم محمد سعید صاحب ۔ صفحات ۳۰۴ قیمت ۱۰ روپے
پتہ ۔ ہمدرد نونہال ۔ ہمدرد ڈاک خانہ ۔ ناظم آباد کراچی ۱۸

ماہنامہ نونہال جناب حکیم محمد سعید صاحب چیئرمین ہمدرد فاؤنڈیشن کی صدارت اور جناب مسعود احمد برکاتی کی ادارت میں ہر ماہ بڑی پابندی سے شائع ہوتا ہے ۔ جس میں نونہالوں کے ذہن اور ان کے مطالعاتی معیار کے مطابق علمی تاریخی ، اصلاحی ۔ طبی اور سائنسی تحریریں شائع ہوتی ہیں ۔ اس مرتبہ جولائی کے شمارہ کو خاص نمبر کے طور پر شائع کیا گیا ہے جس کو ہر لحاظ سے دلچسپ ، مفید اور مزے دار ، معلوماتی ، شگفتہ اور یادگار بنانے کی پوری کوشش کی گئی ہے اس میں مزیدار حیرت انگیز کہانیوں کے علاوہ دینی ہدایتیں ، تاریخی واقعات ، طبی معلومات ، سائنسی معلومات ، کھیل ، سچے قصے ، معلومات عامہ اور ادب و شاعری کے شہ پارے شامل ہیں بالخصوص جناب حکیم محمد سعید صاحب کا سفر جنوبی افریقہ کے دوران سونے کی ایک کان کا دلچسپ آنکھوں دیکھا حال اس نمبر کی جان ہے ۔ خدا کرے کہ قوم و ملت کے نونہال اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر سکیں ۔

(عبدالقیوم حقانی)